[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**Bill**

to repeal the Contempt of Court Ordinance, 2003 (*V of 2003*)

**WHEREAS** it is expedient to repeal the Contempt of Court Ordinance, 2003 (V of 2003) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Bill may be called the Contempt of Court (Repeal) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Repeal.-** The Contempt of Court Ordinance, 2003 (V of 2003) is hereby repealed.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Contempt of Court Ordinance 2003 (V of 2003) was promulgated to regulate the powers of Courts to punish for contempt of Court. However, this Ordinance is not in line with the provisions of clause (2) of Article 204 of the Constitution, therefore, it failed to achieve the desired objectives. Hence, it is proposed that the said Ordinance may be repealed until the substitute law is made by the Parliament.

**Sd/-**
**MR.NOOR ALAM KHAN,**
Member, National Assembly.

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۰۳ء) کو منسوخ کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۰۳ء) کو منسوخ کیا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:۔** (۱) بل ہذا توہین عدالت (تنسیخی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفوز نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تنسیخ:۔** توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۰۳ء) کو بذریعہ ہذا منسوخ کیا جاتا ہے۔

## بیان اغراض و وجوہ

توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۰۳ء) توہین عدالت کی سزا دینے کے ضمن میں عدالتوں کے اختیارات کو منضبط کرنے کے لئے نافذ کیا گیا تھا۔ چونکہ یہ آرڈیننس دستور کے آرٹیکل ۲۰۴ کی شق (۲) کی تصریحات سے مطابقت نہیں رکھتا لہٰذا یہ مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ چنانچہ تجویز کیا جاتا ہے کہ پارلیمنٹ کی جانب سے متبادل قانون وضع کئے جانے تک مذکورہ آرڈیننس منسوخ کیا جائے۔

دستخط/۔
نور عالم خان
رکن، قومی اسمبلی۔